PR NO 42

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کے افسران کی جہلم میں کھلی کچہری

منگلہ ڈیم کے قریب غیرقانونی کرشنگ سے ڈیم کو خطرہ لاحق ہے، ایک شکایت

وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات سن کر موقع پر ہی ہدایات جاری کیں

ٹیم نے بجلی کی لٹکتی ہوئی تاریں فوری طور پر درست کرنے کا حکم دے دیا

جہلم (   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا اور خالد سیال نے گزشتہ روز جہلم میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہری میں شکایت کنندگان نے بجلی، گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام، پاکستان ریلوے، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور پاکستان پوسٹ آفس کے علاوہ صوبائی محکموں کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات پیش کیں۔ زیادہ تر شکایات بجلی و گیس کے کنکشن اور زائد بلوں، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام سے مالی امداد نہ ملنے، پاسپورٹ اور شناختی کارڈ کے اجراء میں تاخیر سے متعلق تھیں۔ وفاقی محتسب کے افسران نے متعلقہ اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ ٹیم کو بتایا گیا کہ منگلا ڈیم کے قریب کرش مافیا غیر قانونی طور پر سٹون کرشنگ کرتا ہے جس سے منگلا ڈیم کو خطرہ ہے۔ وفاقی محتسب کے ایڈوائزر نے یہ مسئلہ متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھانے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ متعدد شکایت کنندگان نے بتایا کہ ان کے بجلی کے ناجائز بل درست نہیں کئے جا رہے۔ بجلی و گیس کے کنکشن کے لئے ڈیمانڈ نوٹس جمع کرائے مگر ابھی تک ان کے کنکشن نہیں لگے۔ گیس اور بجلی کے کنکشن کے لئے مقامی اہلکاروں کی طرف سے رشوت کی ڈیمانڈ کے بارے میں بھی متعدد درخواست گزاروں نے غفلت کی شکایات کیں جس پر ایڈوائزر وفاقی محتسب نے متعلقہ اہلکاروں کے خلاف انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے جہلم میں ڈپٹی کمشنر و ضلعی انتظامیہ کے افسران سے بھی ملاقات کی اور ان سے عوامی مسائل کو حل کرنے کے حوالے سے بات کی۔ کھلی کچہری میں میڈیا کے نمائندوں نے بھی بھرپور شرکت کی اور اپنی تجاویز پیش کیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

08 اگست 2024ء